# نسلی اقلییتوں کے لیے مساوات
# کے فروغ کے لیے موجودہ اور مجوزہ اقدامات

## تعلیم

گورنمنٹ کا نظامِ تعلیم تمام طلباء کو سیکھنے کا مناسب موقع مہیا کرتا ہے اس امید کے **ساتھ** کہ یہ ان کو تمام تر افزائش دیئے گا ۔ محکمہء تعلیم چائنیز زبان سے نابلد طلباء (NCS)کو نظام تعلیمی سہارا مہیا کرنے کی اہمیت کو مانتا ہے تاکہ انہیں ہمارے مقامی تعلیم اور وسیع سماج سے ہم آہنگ ہونے میں آسانی ہو ۔ ہم نے واضع سمتیں چُنیں اور 07/2006 کے تعلیمی سال سے مختلف مناسب تعلیمی تقویتی اقدامات کیے گئے ۔

### (NCS) طلباء کے لیے چائنیز زبان کی نصابی کتب کے لیے اضافی رہنما

| | |
|---|---|
| متعلقہ سہولیات | • اضافی رہنما تمام ضرورت مند NCS طلباء کے لیے عمومی تدریسی ڈھانچے کے تحت مختلف تدریسی طریقوں کی سفارش کرتا ہے ۔ یہ یقین کرنے کےلیے کہ ان سکولوں میں جہاں NCS طلباء ہیں ، اُن کی نسل سے لا تعلق ہو کر یہ تدریسی طریقے آسانی سے اپنائیں گے،پرائمری اور سیکینڈری سطح پر علمی مواد اور تدریسی حوالے کے مواد کے لیے تجاویز کے سلسلے کو فروغ دیا گیا تا کہ اضافی رہنما کے معاملے کو اس سے جوڑا جا سکے ۔ |

*اضافی رہنما*

| | |
|---|---|
| موجودہ اقدامات | • نومبر 2008 میں اضافی رہنما جاری کیا گیا تھا اور متعلقہ تدریسی حوالے کے مواد کے ساتھ دسمبر 2008 میں سکولوں میں بانٹا گیا ۔نصاب کو آسانی سے اختیار کرنے کے لیے اساتذہ کے لیے ورک شاپیں بھی منعقد کی گئیں ۔ |

*علمی مواد اور تدریسی حوالے کا مواد*

- علمی مواد کا پہلا سیٹ، باترتیب مارچ اور جون2009میں ، پرائمری اور سیکنڈری دونوں سطح پر،دو حصوں میں اپ لوڈ کیا گیا اور جون اور ستمبر 2009 میں ٹیکسٹ بُك کی شکل میں چھپائی کر کے سکولوں میں بانٹا گیا۔

- تدریسی حوالے کا مواد، بشمول ہانگ کانگ کے اسکولوں میں استعمال کرنے کے لیے مختلف تربیتی سافٹ ویئراور انگریزی تشریحات کے ساتھ چائنیز لُغوی شِقیں، دسمبر 2008 سے مئی 2009 تك اسکولوں میں تقسیم کیا گیا ۔ اسکی کاپیاں گورنمنٹ کے کتابی سٹوروں میں بکنےکے لیے دستیاب ہیں ۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

- مندرجہ بالا اقدامات کواسکولوں میں رائج کرنے کے چند سالوں بعد جانچا جائے گا ۔

مزید کیے گئے/ کیے جانے والے اقدامات

- حتمی علمی مواد کا سیٹ جون 2010 میں اپ لوڈ کیا جائے گا اور ٹیکسٹ بُك کی شکل میں چھپی کاپیوں کی صورت میں ستمبر 2010 کو اسکولوں میں بانٹا جائے گا ۔
- تحقیق پہ مبنی جانچ کرنے کے آلے کا سیٹ بنایا جا رہا ہے جو اسکولوں میںNCS طلباء کی چائنیز زبان سیکھنے کی صلاحیت کا جائزہ لینے میں مدد دیئے گا اور یہ 2010 کے آخر تك مکمل ہو جائے گا ۔

**نامزد سکول**

متعلقہ سہولیات

- نامزد سکول کے قیام کے مقاصد میں ایسے سکولوں کی مرکزی امداد کو مضبوط کرنا ہے جن میں NCS طلباء قابلِ زکر تعداد میں داخل ہیں، اس نظریے سے کہ امدادی تدریسی مواد کو آسانی سے ترقی دی جا سکے اور دوسرے سکولوں کے ساتھ جہاں NCSطلباء داخل ہیں، سکول کی سطح پرNCS طلباء کے لیے اچھی تربیت اور پیشہ ورانہ تجربات کو بانٹا جا سکے ۔

| | |
|---|---|
| موجودہ اقدامات | *نامزد سکول اور خاص گرانٹ کی ترسیل*<br>• سکول سال2006/07 میں نامزد سکولوں کی تعداد15 سے بڑھا کر سکول سال2008/09 میں 22 تك اور تعلیمی سال2009/10 میں 26 تك کر دی گئی ہے ۔<br><br>• NCS طلباء کے لیے امدادی پروگراموں کے نفا ذ کے لیے، ہر نامزدسکول کو سکول کی سطح پر، بلترتیب 300,000$ سے 600,000$ تك خصوصی سالانہ گرانٹ فراہم کی گئی ہے ۔ |
| مستقبل کے کام کا جائزہ | • نامزد سکولوں کی تعداد پر نظرثانی کی جائے گی،NCS طلباء کی تعلیم و تدریس کو بہتر بنانے اور خصوصی گرانٹ کے موئثر استعمال کے لیے انکی کارکردگی کی باقاعدہ نگرانی کی جائے گی ۔ |
| مزید کیے گئے/ کیے جانے والے اقدامات | • تعلیمی سال 11/2010 میں نامزد سکولوں کی تعداد 28 تك بڑھائی جائے گی ۔ ہم مستقبل میں نامزد سکولوں کی تعداد، جب اور جیسے ضرورت ہوئی بڑھاتے رہیں گے ۔ |

**سکول کے بعد NCS طلباء کے لیے چینی سیکھنے میں امداد کی فراہمی**

| | |
|---|---|
| متعلقہ سہولیات | • NCS طلباء کے لیے سکول کے بعد کے وقت اور چھٹیوں میں تدبیری پروگرام اس نظر سے ترتیب دینا کہ NCS طلباء کی چائنیز سیکھنے کی صلاحیت کو قوت دی جا سکے، خاص طور پر دیر سے شروع کرنے والوں کے لیے اور 2007 کے وسط سے اساتذہ کی پیشہ ورانہ کفالت کی گئی ۔ |
| موجودہ اقدامات | •چائنیز زبان سیکھنے کا امدادی سینٹر (سینٹر) سوئمی درجے کا اختیاری ادارہ ہے جس نے 10/2009 تعلیمی سال میں اپنی سروس کو دس نامزد مقامات پر کاروائی کر کے توسیع دی ہے ۔<br><br>• (تعلیمی سال2008/09) میںسینٹر میں داخلہ لینے والے NCS طلباء کی تعداد 350 سے بڑھ کر سکول سال 10/2009 میں 410 ہو گئی ہے ۔ |

• 2008/09 تعلیمی سال میں NCS طلباء کو داخلے دینے والے سکولوں کے اساتذہ کے لیے ہدایات پر مشتمل 9 نشستیں رکھی گئیں ۔

مستقبل کے کام کا جائزہ

• سینٹر کی طرف سے منّظم کیے گئے تدبیری پروگرام اوراساتذہ کے لیے ہدایاتی نشستیں 09/2008 سکول سال میں کامیابی سے مکمل ہوئیں ۔ یہ جاری رہیں گی اور بدلتےحالات کی روشنی میں زیر غور رکھی جائیں گی ۔

مزید کیے گئے/ کیے جانے والے اقدامات

• تعلیمی سال 10/2009 میںNCS طلباءکے لیے تدبیری پروگراموں کی تقریباً20 کلاسیں منعقدکی جا رہی ہیں اور اساتذہ کے لیے تقریباً 10ہدایاتی نشستوں کا اہتمام جاری رہے گا ۔

• ہم نےNCSطلباءکو چائنیز زبان سیکھنے میں مزید سہارا دینے کے لیےغیر نامزد سکولوں میں، سکول کے بعد چائنیز سکھانے کی وسیع سہولت مہیا کرنے کا ارادہ کیا ہے ۔ درخواست گزار سکولوں کو NCS طلباء کی چائنیز سیکھنے میں مدد کے لیے، سکول کی سطح پر سکول کے بعد امدادی سہولت شروع کرنے کے مقصد سے کیش کی صورت میں تین سال کی مدت کے لیے گرانٹ دی جائے گی اس نظریے سے طلباء کی مدد گار سینٹر NCS غیر نامزد سکولوں میں پڑھنے والے کی خدمات میں توسیع کے لیے وقت کی اجازت دی جائے ۔

## گرمیوں میں برّجنگ پروگرام

متعلقہ سہولیات

• گرمیوں میں برّجنگ پروگرام کا مقصد NCS بچوں کو نئے تعلیمی ماحول کو اپنانے میں مدد کرنا، انکا تعلیمی تجربہ بڑھانا اور حقیقی کلاس روم کے ماحول میں کینٹونیز بطور تدریسی میڈیم کے استعمال کو بڑھاناہے اور جو کچھ انہوں نے کی اسٹیج 1میں سیکھا تھا اُسے مجتمع کرتا ہے تا کہ کی اسٹیج 2 میں نقل مکانی کرنے میں آسانی ہو ۔

موجودہ اقدامات

• 2007 کی گرمیوں سے ایك 4 ہفتہ گرمیوں میں برّجنگ پروگرام کو بڑھایا گیا تا کہ نہ صرفP1 بلکہP2 ,P3 اور P4 میں نئے داخل ہونے والے طلباء کو بھی فائدہ ہو ۔

| | |
|---|---|
| مستقبل کے کام کا جائزہ | • گرمیوں میں برّجنگ پروگرام کا جائزہ ضرورت کی بنیاد پرعمل میں لایا جائے گا ۔ |
| مزید کیے گئے/ کیے جانے والے اقدامات | • ہم گرمیوں میں برّجنگ پروگرام کو تر تیب دیتے رہیں گے ۔ 2010 کی گرمیوں میں تقریباً 80 کلاسیں مہیا کرنے کا ارادہ کیا گیا ہے ۔ |

**چائنیز زبان کے اساتذہ کے لیے تربیتی پروگرام**

| | |
|---|---|
| متعلقہ سہولیات | • پرائمری NCS طلباء کو چائنیز زبان سیکھانے والے اساتذہ کے لیے پیشہ ورانہ ٹریننگ کورس ترتیب دیئے جا رہے ہیں تا کہ پرائمری کے چائنیز زبان سیکھانے والے اساتذہ کی چائنیز زبان سیکھانے کی طاقت میں اِضافہ ہو ۔ |
| موجودہ اقدامات | • 2006/07 تعلیمی سال سے 09/2008 تعلیمی سال تك ترتیب دیئے گئے تربیتی پروگرام پانچ مُماثل کورسوں پر مشتمل تھے اور ہانك کانگ پولی ٹیکنیك یونیورسٹی کے اختیار میں دیئے گئے تھے ۔ ہر کورس نے30 تربیتی مقام پیش کیے ۔ اساتذہ کے حوالے کے لیے ان کورسوں کے مواد کا پیکجEDBکی ویب سائٹ پر دستیاب ہے ۔ |
| مستقبل کے کام کا جائزہ | • پیش کیے گئے پروگراموں اور چائنیز زبان سے نابلد طلباء کے لیے چائنیز زبان کے نصاب کے بارے میں نئے جاری شدہ ضمنی اصولوں سے لیے گئے ردِعمل کی بنیاد پر پروگراموں کے مواد پر نظرثانی کی جائے گی ۔ |
| مزید کیے گئے/ کیے جانے والے اقدامات | • تربیتی پروگرام کا انعقاد جاری رہے گا۔ |

**NCS طلباء کی اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کی آرزو کو پورا کرنے کے لیے متبادل اقدامات**

جنرل سرٹیفکیٹ آف سیکنڈری ایجوکیشن (GCSE) چائنیز

| | |
|---|---|
| متعلقہ سہولیات | • ہانگ کانگ میں GCSE (چائنیز)کے امتحانات 2007 سے ترتیب دئیے جا رہے ہیں تا کہNCS طلباءکے لیے متبادل چائنیز اہلیت حاصل کرنے کی آرزو پوری کریں ، خاص طور پر ان دیر سے چائنیز سیکھنے والوں کے لیے یا جنہیں مقامی چائنیز نصاب پڑھنے کے وسیع مواقع نہیں ملے ۔ |
| موجودہ اقدامات | (GCSE)چائنیز کے امتحانات، ہانگ کانگ ایگزامینیشن اینڈ اسیسمنٹ اتھارٹی کے زیرِانتظام لیے جا رہے ہیں ۔ 2010 سےGCSE(چائنیز) کے امتحانات میں بیٹھنے والے سکول کے اہل امیدواروں کو اس حد تك امداد دی جائے گی کہ مستقبل میں GCSE(چائنیز)کے امتحان کی فیس کی حد ، ہانگ کانگ سرٹیفیکیٹ آف ایجوکیشن ایگزامینیشن یا ہانگ کانگ ڈپلومہ آف سیکنڈری ایجوکیشن کے چائنیز زبان کے پرچے کے برابر رکھی جائے گی ۔ |
| مستقبل کے کام کا جائزہ | • ہم زیادہ سے NCS طلباء کو امتحانات میں بیٹھنے کی ترغیب دیں گے تا کہ جب اور جہاں مناسب ہو وہاں متبادل چائنیز اہلیت زیادہ حاصل کر سکیں ۔ |
| مزید کیے گئے/ کیے جانے والے اقدامات | • اس سلسلے میں ہمNCS طلباء کی ضروریات کو مدِنظر رکھنا جاری رکھیں گے ۔ |

*S6 میں داخلے کے لیے چائنیز زبان کی متبادل اہلیت*

| | |
|---|---|
| متعلقہ سہولیات | • سیکنڈری 6 (S6) کے داخلے کے عمل کے تحت کام کرنے والے سکول تا کہ چائنیز زبان کی متبادل اہلیت پر غوروفِکر کریں ۔ |

| | |
|---|---|
| موجودہ اقدامات | •2008 میں جانچنے کے بعد 2009 سے، سکولوں پر لازم ہے کہS5 کے چائنیز زبان کی متبادل اہلیت رکھنے والے اہل طلباء کا خیال رکھا جائے اورS6 میں داخلے کے دستور کے ہر قدم پرانھیں مناسب مواقع دیئے جائیں اور، ہر سال اگست کے آخر میں آنے والے متعلقہ امتحانات کے نتیجے کو زیرِ غور رکھیں، خیال رہے کہ طلباء نے تمام مخصوص شرائط پوری کی ہیں اور اپنے ہم عصروں سے موازنہ کر کہ داخلے کے تمام لوازمات برابر نقطوں سے مکمل کر لیے ہیں ۔ |
| مستقبل کے کام کا جائزہ | • متعلقہ ڈیٹا اکھٹا کیا جائے گا ۔ |
| مزید کیے گئے/ کیے جانے والے اقدامات | • نئے تعلیمی ڈھانچے کے نفاذ پر قابلِ عمل نہیں ہے ۔ |

*یونیورسٹیوں میں داخلے کے لیے چائنیز زبان کی متبادل اہلیت*

| | |
|---|---|
| متعلقہ سہولیات | • یونیورسٹی گرانٹس کمیٹی(UGC) نےاداروں کو گرانٹ دی ہے تا کہ چائنیز زبان کی متبادل اہلیت کو جوائنٹ یونیورسٹی پروگرامز کے ایڈمشن سسٹم (JUPAS) تحت زیرِ گریجوئشن داخلوں میں لازمی سمجھیں ۔ |
| موجودہ اقدامات | • 2008 سےUGC کے زیرِ فنڈ اداروں نے مخصوص تفصیلات کو مدِنظر رکھ کر چائنیز زبان کی متبادل اہلیت کو قبول کرنے کے یہ لیےJUPASکے تحت داخلے دینے میں مزید نرمی ظاہر کی ہے ۔ NCS طلباء کے مقامی سکولوں میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کی آرزو کو پورا کرنے کے لیے ایك اہم قدم ہے ۔ |
| مستقبل کے کام کا جائزہ | • UGC کے زیرِ فنڈ اداروں نے سینئر سیکنڈری نصاب کے تحت مخصوص شرائط پوری کرنے والے طلباء کے لیے چائنیز زبان کی متبادل اہلیت کو اپنانے کے جاری رکھنے کی رضامندی دی ہے ۔ |

| | |
|---|---|
| مزید کیے گئے/ کیے جانے والے اقدامات | • قابلِ اطلاق نہیں ہے کیونکہ UGC کے زیرِ فنڈ ادارے ، نئے سینئر سیکنڈری نصاب کی مخصوص شرائط پوری کرنے والے طلباء کے لیے چائنیز زبان کی متبادل اہلیت کو قبول کرنا جاری رکھیں گے ۔ |

## NCS والدین / طلباء کے لیے معلومات

| | |
|---|---|
| متعلقہ سہولیات | • NCS والدین / طلباء کو ہمارا سکول کا انتظام سمجھنے میں مدد دینے کے لیے اہم پالیسیاں اور متعلقہ تعلیمی سہولیات ۔ |
| موجودہ اقدامات | *چائنیز زبان سے نابلد والدین کے لیے معلومات کا مجموعہ* |

• چائنیز زبان سے نابلد والدین کے لیے معلومات کا مجموعہ ، اہم اقلیتی زبانوں میں تیاد کیا گیا اور اسکولوں اور ماں اور بچے کی یہ صحت کے مراکز کے زریعے NCSوالدین میں بانٹا گیا ہے ۔ غیر حکومتی اداروں اور متعلقہ حکومتی اداروں میں بھی بانٹا گیا ہے تا کہNCS والدین اور طلباء کی امداد دینے کو قوت مل سکے ۔

*بات چیت کو آسان کرنے کے دیگر ذرائع*

• متعلقہ معلومات مثلاً متعلقہ تجویز کردہ سکولوں کے انتظام کے پرائمری 1 اور سیکنڈری 1 کے لیے درخواستیں NCS تحت طلباء کے لیے چائنیز نصاب کے ضمنی رہنمااُصولوں کا اعلیٰ درجہ اور خلاصہ بھی اہم اقلیتی زبانوں میں ترجمہ کیا گیا ہے ۔

•مختصر ہدایتی اجلاسوں میں بوقتِ ضرورت ، بیک وقت ترجمانی کی سہولت بھی مہیا کی جاتی ہے اور نسلی اقلیتی زبانوں کے ترجمے کا بھی انتظام کیاجا سکتا ہے ۔

*مخصوص ویب سائٹ*

• http://www.edb.gov.hk/nscپر مخصوص ویب سائٹ دستیاب ہے تا کہ NCS والدین کو فراہم کی گئی سہولیات کے بارے میں سمجھ بوجھ دی جا سکے ۔

| | |
|---|---|
| مستقبل کے کام کا جائزہ | • معلومات کے مجموعے، دیگر کتابچے یا ویب سائٹ کا ردِ عمل ضرورت کے مطابق اکھٹا کیا جائے گا ۔ |
| مزید کیے گئے/ کیے جانے والے اقدامات | •والدین کے لیے معلومات کے مجموعے اور معلوماتی کتابچوں کی تجدید ضرورت کے تحت ، جاری رہے گی ۔ |

**نتیجہ:**

ہم اوپر دیئے گئے اقدامات کی تجدید کریں گے اور جب اور جہاں مناسب ہوا،نئے اقدامات شامل کریں گے ۔

**محکمہء تعلیم**
**اپریـــل 2010**